Psychology - FA Part 2 Psychology Urdu Medium Chapter 3 Short Questions Test

Q1. تشدد کی اقسام کی وضاحت کریں.

Ans 1: شخصی تشدد کے تحت مختلف افراد کو تشددکا نشانہ بنایا جاتا ہے،جن میں عورتیں،بچے ،بوڑھے اور کوئی بھی ہو سکتا ہے ،انہیں مختلف قسم کا نقصان پہنچایا جاتا ہے.

Q2. کارل راجرز نے کون سی مشاورتی تکنیک پیش کی؟

Ans 1: کارل راجررز نے غیر ہدایاتی مشاورتی تکنیک پیش کی.

Q3. رویوں کی تبدیلی میں ذاتی اوصاف کا کیا کراد ہے؟

Ans 1: ذاتی اوصاف رویے کی تبدیلی کا باعث بنتی ہیں مثلاً ذہین افراد کے رویے عام افراد کی نسبت مختلف ہوتے ہیں اور وہ نئی معلومات کی روشنی میں اپنے رویے تبدیل کرتے ہیں.

Q4. پانچ نکاتی شرحی پیمانہ کس نے پیش کیا؟

Ans 1: پانچ نکاتی شرحی پیمانہ لیکرٹ نے پیش کیا.

Q5. رویے کس چیز کا نتیجہ ہوتے ہیں؟

Ans 1: رویے آموزز کا نتیجہ ہوتے ہیں.

Q6. جونزو جیرالڈ نے سماجی نفیسات کی کیا تعریف کی ؟

Ans 1: جونزو جیرالڈ کے مطابق سماجی نفسیات فرد کے کردار کا مطالعہ ،سماجی مہیجات کی موجودگی میں کرتی ہے.

Q7. سماج دشمن کردار سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: سماج دشمن کردار سے مراد ایسا کردار ہے جو سماجی قدروں،اصولوں قوانین.روایات اور اخلاقیات کے مخالف ہو، یہ ایسا کرادر ہے کو کسی بھی معاشرے کے امن سکون کو شدید نقصان پہنچا سکتا ہے. یہ سماجی توازن کو بگاڑتا ہے.

Q8. تشدد کی تعریف کریں.

Ans 1: ایسا جارحانہ کرادر جو افراد یا اشیاء کو اپنے مقصد کے لیے نقصان یا ایذا پہنچائے تشدد کہلاتا ہے.

Q9. رویوں کی تشکیل میں کار فرما ہونے والے تین عوامل لکھیے.

Ans 1: 1.سماجیت 2.ذاتی تجربات 3.تقویت

Q10. جدید نظریات تعصب کو کیا کہتے ہیں؟

Ans 1: جدید نظریات تعصب کو اکتسابی یا آموزشی کہتے ہیں.